(۲)

## ذبیحہ اهل مغرب

مولانا سعید احمد اکبر آبادی کے مکتوب کا ایک اقتباس ''ذبیحہ اهل مغرب'' کے زیر عنوان ماهنامہ '' فکرو نظر'' میں شائع هوا ، جس میں مولانا موصوف نے بلا تسمیہ عند الذبح گوشت کی حرمت سے اختلاف کرتے هوئے حضرت امام شافعی کی ایک رائے کو پیش کیا هے - اور اس کی تائید حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت سے بہم کی هے - اس کے علاوہ مولانا موصوف نے سید رشید رضا اور مفتی شیخ محمد عبدہ کے بعض فتووں کا حوالہ بھی دیا هے - لیکن ان سارے دلائل میں قرآن و سنت کے بنیادی اصولوں کی مخالفت پائی جاتی هے -

مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا چھری سے ذبح کرنے کو غیر ضروری قرار دینا بھی درست نہیں - در اصل بالراست هاتھ اور چھری سے ذبح کرنا سنت حضرت ابراهیم علیہ السلام ، اور فاتبعوا ملۃ ابراهیم حنیفاً کہہ کر هر جانور کے ذبح کے وقت مسلمان کو بالراست هاتھ اور چھری استعمال کرنے کا پابند کر دیا گیا هے - اهل کتاب کا هر وہ ذبیحہ جو شریعت کی مقرر کردہ شرائط پر پورا نہیں اترتا ، سنت انبیاء کے خلاف هونے کے سبب حرام هے - اور حدیث فمن رغب عن سنتی فلیس منی اور آیت فاتبعوا ملۃ ابراهیم حنیفاً — اس استدلال کی بنیاد هے - اس لئے جناب سید رشید رضا اور مفتی محمد عبدہ کے فتاوی قابل ترک هیں -

محمد مرزا منور علی بیگ امن گیسو دراز
کراچی

[ یہ ایک طویل مضمون کا خلاصہ هے جو صاحب مضمون کے شدید اصرار پر شائع کیا جا رہا هے - ]

مدیر